خلاصۂ درس:۲۸

☜ **تقدیم الخبر**

- تمام افعال ناقصہ میں ان کی خبر کو ان کے اسم کے اوپر مقدم کرنا جائز ہے جیسے: کَانَ قَائِماً زَیْدٌ۔
- اور کَانَ سے رَاحَ تک خود ان افعال کے اوپر بھی ان کی خبر کا مقدم کرنا جائز ہے جیسے قَائِماً کَانَ زَیْدٌ۔ جبکہ مَا کے ساتھ والے افعال میں جائز نہیں ہے لہذا نہیں کہا جا سکتا قَائِماً مَازَالَ زَیْدٌ۔
- اور لَیْسَ کے بارے میں اختلاف ہے۔

۷۔ مرفوعات میں سے ساتویں قسم حروف مشبہہ بِلَیْسَ کا اسم

- یہ حروف مبتدا کو رفع دے کر اپنا اسم بنا لیتے ہیں اور خبر کو نصب دے کر اپنی خبر بنا لیتے ہیں بس فرق یہ ہے کہ یہ حروف ہیں۔

وہ حروف یہ ہیں:

إِنْ، مَا، لَا اور لَاتَ جیسے: إِنِ الْفَقْرُ عَیْباً، مَا زَیْدٌ قَائِماً، لَا رَجُلٌ أَفْضَلَ مِنْکَ اور لَاتَ وَقْتَ النَّدَامَةِ۔

- ما معرفہ اور نکرہ دونوں پر داخل ہوتا ہے لیکن لا صرف نکرہ پر داخل ہوتا ہے۔

۸۔ مرفوعات کی آٹھویں قسم لائے نفی جنس کی خبر

ما اور لا مشبہہ بلیس میں بھی مسند کی نفی ہوتی ہے مسند الیہ سے اور یہاں پر بھی نفی ہوتی ہے لیکن فرق یہ ہے کہ یہاں پر مسند الیہ کی جنس کی نفی ہوتی ہے یعنی مسند الیہ کی تمام افراد سے مسند کی نفی کی جاتی ہے جیسے: لَا رَجُلَ قَائِماً۔